# مرقس: ابواب کا خلاصہ

| | |
|---|---|
| **باب 1** | |
| 1-8 آیات | یوحنا اصطباغی کی خدمت |
| 9-11 آیات | خُداوند یسوع مسیح کا بپتسمہ |
| 12-13 آیات | خُداوند یسوع مسیح کی آزمائش |
| 14-15 آیات | خُداوند یسوع مسیح کی منادی کا آغاز |
| 16-22 آیات | پطرس، اندریاس، یعقوب اور یوحنا کی بلاہٹ |
| 23-28 آیات | ایک بدرُوح گرفتہ شخص کو شفا دی جاتی ہے۔ |
| 29-31 آیات | پطرس کی ساس کو شفا دی جاتی ہے۔ |
| 32-39 آیات | بہت سارے بیماروں کو شفا دی جاتی ہے۔ |
| 40-45 آیات | یسوع ایک کوڑھی کو پاک صاف کرتا ہے۔ |
| **باب 2** | |
| 1-2 آیات | ہجوم یسوع کے پیچھے پیچھے آتے ہیں۔ |
| 3-12 آیات | یسوع ایک مفلوج کو شفا بخشتا ہے۔ |
| 13-14 آیات | محصول کی چوکی سے متی کو بلایا جاتا ہے۔ |
| 15-17 آیات | یسوع محصول لینے والوں اور گناہگاروں کے ساتھ کھاتا پیتا ہے۔ |
| 18-22 آیات | یسوع اپنے شاگردوں کا فریسیوں کی طرح روزہ نہ رکھنے پر دفاع کرتا ہے۔ |
| 23-28 آیات | یسوع سبت کے دن اپنے شاگردوں کے بالیاں توڑنے پر اُن کا دفاع کرتا ہے۔ |
| **باب 3** | |
| 1-9 آیات | یسوع سوکھے ہاتھ والے شخص کو شفا بخشتا ہے۔ |
| 10- آیت | بہت سارے لوگ جو سخت بیماریوں کا شکار تھے شفا پاتے ہیں۔ |
| 11-12 آیات | یسوع بدرُوحوں کو جھڑکتا ہے۔ |
| 13-21 آیات | یسوع بارہ رسولوں کی تقرری کرتا ہے۔ |
| 22-30 آیات | یسوع پر الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ بعلزبول کی مدد سے بدرُوحیں نکالتا ہے اور یسوع فریسیوں کو موثر جواب دیتا ہے۔ |
| 31-35 آیات | یسوع بتاتا ہے کہ اُس کے نزدیک بھائی، بہن اور ماں کون ہے۔ |
| **باب 4** | |
| 1-13 آیات | بیج بونے والے کی تمثیل |
| 14-20 آیات | بیج بونے والے کی تمثیل کی تفسیر |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| آیات 21-25 | ہمیں اپنے علم کی روشنی دوسروں کے ساتھ بانٹنی چاہیے۔ |
| آیات 26-29 | خفیہ طور پر اگنے والے بیج کی تمثیل |
| آیات 30-34 | رائی کے دانے سے اگنے والے پودے کی تمثیل |
| آیات 35-41 | خُداوند یسوع جھیل کے طوفان کو تھماتا ہے۔ |
| **باب 5** | |
| آیات 1-12 | یسوع گراسینیوں کے علاقے میں بدرُوح گرفتہ شخص میں سے بدرُوحوں کا لشکر نکالتا ہے۔ |
| آیات 13-21 | بدرُوحوں کا لشکر سُوروں میں چلا جاتا ہے۔ |
| آیات 22-24 | عبادتخانے کا سردار یائیر یسوع سے اپنی بیٹی کی شفا کے لیے التجا کرتا ہے۔ |
| آیات 25-34 | یسوع بارہ برس سے بیمار عورت کو شفا بخشتا ہے۔ |
| آیات 35-43 | یسوع یائیر کی بیٹی کو زندہ کرتا ہے۔ |
| **باب 6** | |
| آیات 1-6 | یسوع کے اپنے علاقے کے لوگ اُس کی عزت نہیں کرتے۔ |
| آیات 7-13 | یسوع اپنے بارہ شاگردوں کو بدرُوحوں پر اختیار بخشتا ہے۔ |
| آیات 14-15 | یسوع کی ذات کے بارے میں لوگوں کے مختلف خیالات |
| آیات 16-29 | یوحنا اصطباغی کا قید میں ڈالا جانا، اُس کا سر قلم کیا جانا اور اُسکی تدفین۔ |
| آیات 30-33 | بارہ رسول منادی کی خدمت کرنے کے بعد واپس آتے ہیں۔ |
| آیات 34-44 | پانچ روٹیوں اور دو مچھلیوں کا معجزہ |
| آیات 45-52 | یسوع پانی پر چلتا ہے۔ |
| آیات 53-56 | جتنے لوگ یسوع کو یا اُسکی پوشاک کو چھوتے وہ شفا پاتے تھے۔ |
| **باب 7** | |
| آیات 1-7 | فریسی یسوع کے شاگردوں پر بن ہاتھ دھوئے کھانے کا اعتراض اُٹھاتے ہیں۔ |
| آیات 8-13 | یسوع فریسیوں پر واضح کرتا ہے کہ وہ آدمیوں کی روایت کی خاطر خُدا کے کلام پر سمجھوتہ کرتے ہیں۔ |
| آیات 14-23 | کھانا کسی شخص کو ناپاک نہیں کرتا۔ |
| آیات 24-30 | یسوع سور فینیکی عورت کی بیٹی سے بدرُوح کو نکالتا ہے۔ |
| آیات 31-37 | یسوع ایک بہرے اور ہکلے شخص کو شفا بخشتا ہے۔ |
| **باب 8** | |
| آیات 1-9 | یسوع ایک بڑی بھیڑ کو معجزانہ طور پر کھانا کھلاتا ہے۔ |
| آیات 10-13 | یسوع فریسیوں کو کوئی بھی نشان دکھانے سے انکار کرتا ہے۔ |
| آیات 14-21 | یسوع اپنے شاگردوں کو فریسیوں کے خمیر اور ہیرودیس کے خمیر سے ہوشیار رہنے کو کہتا ہے۔ |

Copyright©2020 reserved



| | |
|---|---|
| آیات 22-26 | یسوع ایک اندھے کو بینائی بخشتا ہے۔ |
| آیات 27-33 | یسوع اپنے شاگردوں پر ظاہر کرتا ہے کہ وہی موعودہ مسیح ہے، اور ضرور ہے کہ وہ دُکھ اُٹھائے، مرے اور پھر جی اُٹھے۔ |
| آیات 34-38 | یسوع کے پیچھے جانے کی قیمت |
| **باب 9** | |
| آیات 1-10 | یسوع کی صورت تبدیل ہوتی ہے۔ |
| آیات 11-13 | یسوع ایلیاہ نبی کے آنے کے بارے میں وضاحت کرتا ہے۔ |
| آیات 14-29 | یسوع ایک لڑکے میں سے گونگی بدرُوح کو نکالتا ہے۔ |
| آیات 30-32 | یسوع اپنی موت اور جی اُٹھنے کے بارے میں پیشن گوئی کرتا ہے۔ |
| آیات 33-37 | یسوع اپنے شاگردوں کو حلیم رہنے کی نصیحت کرتا ہے۔ |
| آیات 38-50 | یسوع اپنے شاگردوں کو خاص ہدایات دیتا ہے۔ |
| **باب 10** | |
| آیات 1-12 | یسوع فریسیوں کو طلاق کے موضوع پر تعلیم دیتا اور اُنکی غلط فہمی کو دور کرتا ہے۔ |
| آیات 13-16 | یسوع بچّوں کو برکت دیتا ہے۔ |
| آیات 17-22 | یسوع ایک مالدار شخص کو ابدی زندگی کو حاصل کرنے کی راہ بتاتا ہے۔ |
| آیات 23-27 | یسوع دولت پر انحصار کرنے کے نقصانات کو اپنے شاگردوں پر ظاہر کرتا ہے۔ |
| آیات 28-31 | انجیل کی خاطر قربانی دینے والے لوگوں کے لیے یسوع اجر کا وعدہ کرتا ہے۔ |
| آیات 32-34 | یسوع اپنی موت اور جی اُٹھنے کے بارے میں پیشن گوئی کرتا ہے۔ |
| آیات 35-45 | یعقوب اور یوحنا کی خواہش پر یسوع کا اُنکو جواب |
| آیات 46-52 | یسوع اندھے فقیر برتمائی کو شفا بخشتا ہے۔ |
| **باب 11** | |
| آیات 1-11 | یسوع کا گدھے پر بیٹھ کر یروشلیم میں شاہانہ داخلہ |
| آیات 12-14 | یسوع انجیر کے ایک بے پھل درخت کو ملامت کرتا ہے۔ |
| آیات 15-19 | یسوع ہیکل میں کاروبار کرنے والوں کو نکالتا ہے۔ |
| آیات 20-26 | یسوع اپنے شاگردوں کو ایمان پر قائم رہنے اور اپنے دشمنوں کو معاف کرنے کی نصیحت کرتا ہے۔ |
| آیات 27-33 | یسوع سردار کاہنوں اور فقیہوں کو اپنے اختیار کے بارے میں بتاتا ہے۔ |
| **باب 12** | |
| آیات 1-12 | بدکار ٹھیکیدار باغبانوں کی طرف سے تاکستان کے مالک کے بیٹے کو قتل کرنے کی تمثیل |
| آیات 13-17 | فریسی اور ہیرودی قیصر کو جزیہ دینے کے معاملے میں یسوع کو پھنسانے کی کوشش کرتے ہیں۔ |
| آیات 18-27 | جی اُٹھنے کا انکار کرنے والے صدوقیوں کو اُن کی غلط تعلیم کے بارے میں آگاہی دی جاتی ہے۔ |

Copyright©2020 reserved



| | |
|---|---|
| 28-34 آیات | سب سے پہلا اور بڑا حکم |
| 35-37 آیات | موعودہ مسیح کے بارے میں فقیہوں کے نظریے کی درستگی۔ |
| 38-40 آیات | فقیہوں کی ریاکاری سے بچنے کی تلقین |
| 41-44 آیات | یسوع بیوہ کے دیئے گئے تھوڑے ہدیے کی تعریف کرتا ہے۔ |
| | **باب 13** |
| 1-8 آیات | یسوع ہیکل کی تباہی کے بارے میں پیشن گوئی کرتا ہے۔ |
| 9-آیت | یسوع انجیل کی خاطر مسیحیوں کی ایذرسانی کے بارے میں پیشن گوئی کرتا اور اپنے شاگردوں کو حوصلہ دیتا ہے۔ |
| 10-13 آیات | ضرور ہے کہ سب قوموں میں انجیل کی منادی کی جائے۔ |
| 14-23 آیات | یہودیوں پر آنے والی مصیبتیں۔ |
| 24-31 آیات | یسوع کی آمدِ ثانی کی نشانیاں اور عظیم مصیبت کا آغاز |
| 32-37 آیات | وہ گھڑی جس کی آمد کے بارے میں کوئی نہیں جانتا، یسوع کی طرف سے جاگتے رہنے اور دُعا کرنے کی تلقین |
| | **باب 14** |
| 1-2 آیات | سردار کاہنوں اور فقیہوں کی یسوع کو قتل کرنے کی سازش |
| 3-9 آیات | ایک عورت کی طرف سے یسوع کے سر پر قیمتی خالص عطر کا انڈیلا جانا۔ |
| 10-11 آیات | یہوداہ اپنے مالک کو چند سکوں کی خاطر بیچ ڈالتا ہے۔ |
| 12-21 آیات | یسوع بتاتا ہے کہ کیسے اُس کا ایک شاگرد اُسے دھوکا دے گا۔ |
| 22-25 آیات | آخری کھانا کھانے کے بعد عشائے ربانی کی تقرری |
| 26-42 آیات | یسوع اپنے سب شاگردوں کے اُسے چھوڑ کر بھاگ جانے اور پطرس کی طرف سے تین بار انکار کی پیشن گوئی کرتا ہے۔ |
| 43-45 آیات | یہوداہ اسکریوتی ایک بوسہ لیکر خُداوند یسوع کو دھوکا دیتا ہے۔ |
| 46-52 آیات | خُداوند یسوع مسیح کی باغِ گتسمنی میں گرفتاری |
| 53-64 آیات | یسوع پر جھوٹے الزامات لگا کر اُسے یہودی عدالت میں رد کیا جاتا ہے۔ |
| 65-آیت | یسوع کو ٹھٹھوں میں اُڑایا جاتا ہے، اُسے مارا اور اُس کے منہ پر تھوکا جاتا ہے۔ |
| 66-72 آیات | پطرس تین دفعہ مسیح کا انکار کرتا ہے۔ |
| | **باب 15** |
| 1-5 آیات | یسوع کو باندھ کر پیلاطس کے پاس لایا جاتا ہے اور اُس پر الزامات لگائے جاتے ہیں۔ |
| 6-15 آیات | عوام کے دباؤ کے تحت برابا کو آزاد کر دیا جاتا ہے جبکہ یسوع کو مصلوب کرنے کے لیے حوالہ کیا جاتا ہے۔ |
| 16-20 آیات | یسوع کو کانٹوں کا تاج پہنایا جاتا ہے، اُس کے منہ پر تھوکا جاتا ہے اور اُسے ٹھٹھوں میں اُڑایا جاتا ہے۔ |
| 21-26 آیات | یسوع اپنی صلیب اُٹھا کر چل نہیں سکتا۔ |
| 27-28 آیات | یسوع کو دو ڈاکوؤں کے درمیان مصلوب کیا جاتا ہے۔ |
| 29-38 آیات | راہ گزرتے ہوئے یہودی یسوع کو ٹھٹھوں میں اڑاتے ہیں۔ |





Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 39-41 آیات | صلیب کے پاس کھڑا صوبیدار مان گیا کہ یسوع خُدا کا بیٹا ہے۔ |
| 42-47 آیات | ارمتیہ کا یوسف یسوع کی تدفین کا انتظام کرتا ہے۔ |
| باب 16 | |
| 1-8 آیات | ایک فرشتہ تین عورتوں کو یسوع کے جی اُٹھنے کی خبر دیتا ہے۔ |
| 9-11 آیات | یسوع مریم مگدلینی پر ظاہر ہوتا ہے۔ |
| 12-13 آیات | یسوع اماؤس کی راہ پر جانے والے دو شاگردوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ |
| 14 آیت | یسوع رسولوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ |
| 15-18 آیات | یسوع رسولوں کو انجیل کی منادی کے لیے بھیجتا ہے۔ |
| 19-20 آیات | یسوع کا آسمان پر اُٹھایا جانا |



Copyright©2020 reserved

